تبصرہ نگار: ح۔ح

تعارف وتبصرہ

تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ ـــــــ (ادارہ)

سیف اللہ الاعظم: مؤلف: حافظ سراج الدین محمود، ناشر: دارالکتاب، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار لاہور، صفحات: ۶۵۰، قیمت: ۳۰۰ روپے۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی سوانح عمری ہے، حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسلامی فتوحات میں جو کردار ادا کیا، وہ اپنی نظیر آپ ہے۔ انہیں رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب پر یہ جزوی فضیلت حاصل رہی کہ اسلام لانے سے قبل اور اس کے بعد جنگی مہمات میں کبھی شکست و ہزیمت سے دوچار نہیں ہوئے۔ حالت کفر میں اہل اسلام کے خلاف لڑے اور حالت اسلام میں اہل کفر کے خلاف، ہر معرکہ سے فتح مند ہو کر لوٹے۔ ان کی رندانہ جرأتوں اور جانبازیوں کا حال سن کر آج بھی مسلمانوں کی رگوں میں شجاعت کا خون لہریں لینے لگتا ہے، جس کے سامنے رستم اور اسفندیار کی بہادری کی ولولہ انگیز داستانیں بھی ہیچ معلوم ہوتی ہیں۔

حافظ سراج الدین محمود مرحوم وسیع المطالعہ صاحب قلم اور اردو میں رواں نثر لکھتے تھے۔ ان کے مضامین اپنے عہد کے وقیع اردو رسائل میں شائع ہوتے تھے۔ کتاب کا پیش لفظ ان کے صاحبزادے رانا احمد دین (ڈپٹی ڈائریکٹر انکم ٹیکس آڈٹ) نے لکھا ہے اور بتایا ہے کہ مؤلف مرحوم نے ''سیف اللہ الاعظم'' آج سے ساٹھ سال قبل تحریر کی تھی اور اس کی تکمیل میں تقریباً بارہ سال کا عرصہ لگا۔ بہر کیف یہ کتاب اب پہلی بار شائع ہوئی ہے، اس میں مؤلف نے بڑی تفصیل کے ساتھ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی صفات و کمالات، ان کی سیرت و کردار، الغرض پیدائش سے وفات تک کے حالات بڑی تفصیل سے قلمبند کئے ہیں۔

آٹھ مسائل: مؤلف: مفتی ممتاز احمد صاحب، ناشر: جامعہ خلفاراشدین، ماری پور روڈ کراچی۔

مولانا مفتی احمد ممتاز صاحب فتویٰ کے حوالہ سے ایک معتبر نام اور مفتی رشید احمد لدھیانوی رحمہ اللہ کے ممتاز تلامذہ میں سے ہیں۔ زیر نظر کتاب میں انہوں نے بعض معرکۃ الآراء مسائل پر قلم اٹھایا ہے مثلاً کتاب کے سرورق پر درج عنوانات ہیں: ''ہاتھ اٹھانے کا طریقہ، ہاتھ رکھنے کی جگہ، ہاتھ باندھنے کا طریقہ، ننگا سر نماز پڑھنا، وتر، رکوع کے وقت ہاتھ اٹھانا، جلسہ استراحت، مصافحہ بالیدین''۔ ان مسائل میں مؤلف نے اہل سنت والجماعت کے مسلک کو قرآن اور سنن و آثار صحابہ و تابعین اور اجماع امت سے ثابت کیا ہے۔